تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 18, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کے موضوع پر گول میز کانفرنس کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار انویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) نے اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کے موضوع پر گول میز کانفرنس منعقد کی۔ پروگرام جامعہ ملیہ اسلامیہ کے میر انیس ہال میں منعقد ہوا جس میں پدم شری پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

مختلف موقر تنظیموں کے تقریباً دو درجن سی ای اوز، ڈائریکٹرز اور صدور شعبہ جات نے پروگرام میں شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد تھا کہ انویشن اور انٹر پرینوشپ کو فروغ دینے کے لیے حد درجہ کوشاں ساجھیداروں کے ساتھ اشتراک واختلاط کی صورتیں پیدا ہوں۔ انتہائی اہمیت کے حامل موضوعات پر اس اجتماع میں بصیرت افروز اور معنی خیز باتیں اور مباحثے ہوئے۔

گول میز کانفرنس کے مقاصد ہیں:

معلومات کے تبادلے کو آسان بنانا: شریک اداروں کے درمیان اختراعیت اور انٹر پریورشپ کے فروغ کے لیے تصورات، تجربات اور بہترین روایتوں کی حوصلہ افزائی۔

اشتراکی مہموں کو مضبوطی فراہم کرنا: اسٹارٹ اپ ماحول دوست نظام پر مثبت اثر ڈالنے کے لیے اشتراک ،مشترکہ پروجیکٹ اور رسرچ ساجھیداری کے مواقع کی تلاش۔

نیٹ ورکنگ مواقع کی تلاش: نیٹ ورکنگ کے لیے سازگار ماحول تیار کرنے ،ممکنہ مینٹرز، سرمایہ کار اور صنعت کے ماہرین کے ساتھ روابط مضبوط کرنے کے لیے شرکا کو اہل بنانا۔

کامیابی کی کہانیاں بتانا: متعلقہ تنظیموں کے ذریعہ اسٹارٹ اپ اور انٹر پرینورشپ کو صیقل کرکے کامیابی کی داستان رقم کرنے والی کہانی بیان کرنا تاکہ دوسرے اپنے انٹر پرینورشپ کی امنگوں کو پرِ پرواز عطا کرسکیں۔

کانفرنس میں مندرجہ ذیل فکر انگیز مباحث زیر بحث آئے:

۔اعلی تعلیمی اداروں میں اختراعیت اور انٹر پریونیورشپ کو فروغ دینا

۔مؤثر انکیوبیشن اور ایسیلیریشن پروگرام کی تعمیر

۔بہتر اسٹارٹ اپ کے لیے اشتراک سے فائدہ اٹھانا

ممتاز مقررین اور ماہرین نے پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔اس پروگرام میں جن اہم شخصیات نے بطور مقررین حصہ لیا ان میں جناب پروین کمار آئی آئی ٹی پروفیشنل، اور جوائنٹ ڈائریکٹر سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک، انڈیا، حکومت ہند، جناب دھروا کمار، سی ای ای، اے این ڈی سی انکیوبیشن سینٹر، ارچنا نارائن دیو کالج، دہلی یونیورسٹی، محترمہ میناکشی گپتا جین، پروجیکٹ ڈائریکٹر، وومین ورکس پروگرام، حکومت دہلی، اور ڈی ایس ای یو اور اسٹارٹ اپ فاؤنڈر۔ جناب احمد سعید سود، فاؤنڈر اسٹریٹیجک مینجمنٹ کنسلٹینسی گروپ 'ماس کلائمپ' محترم امت سنہا، پرنسپل کنسلٹنٹ، ایگریکلچر فینانس کارپوریشن لمٹیڈ۔

جناب اجیت نگم جو یونیورسٹیز میں ماحول دوست اسٹارٹ اپ کے قیام کے لیے مشہور ہیں اور سردست این آئی ایف ٹی ، دہلی میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

محترمہ امیکا بسلا جنہیں تجربہ کار فینانس پروفیشنل ہیں اور جن میں خواتین کو خودمختار بنانے کا جذبہ بھی ہے اور ڈی آئی آئی سی ای، حکومت دہلی کی سابق سی ای او بھی ہیں۔محترم محمد انس، بنیاد گزار اور سی ای او، انورڈ، ہندوستان کی پہلی اے آئی۔آن ایج ڈرون کمپنی۔ڈاکٹر سلمان اسد انفارمیشن ٹکنالوجی اور سروس انڈسٹری کے چیف ایکزیکیٹو آفیسر۔محترمہ سہانی کمار انویسٹ انڈیا اور مینجیر آف اسٹارٹ اپ انڈیا میں سینئر سرمایہ ماہر۔جناب صبر توصیف مینجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او ایلیوس مینجمنٹ کنسلٹنگ۔محترمہ ایس ایم رونق مصطفیٰ کارپوریٹ وینچر کلب ڈاٹ کام کے بنیاد گزار۔ڈاکٹر تارک گوریڈیا ایجوکیٹر جن میں ڈیزائن تھنکنگ اور انٹرپرینیورشپ کا جذبہ ہے۔ڈاکٹر وی کے اورا، جناب ونے چڑھا نے کانفرنس میں شرکت کی۔

پروفیسر نجمہ اختر نے سال دوہزار سینتالیس تک بھارت کی معاشی ترقی اور بہبود سے متعلق گفتگو کی۔اپنی تقریر میں انھوں نے اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کے اہم رول کو اجاگر کیا۔متعلقہ موضوع پر گول میز کانفرنس کا انعقا اختراعیت اور انٹر پرینیوشپ کے تئیں دو دوربیں رہنماؤں کے عزم کا ثبوت ہے جس سے ہمارے لیے روشن مستقبل کی راہیں ہموار ہوں گی۔اس کانفرنس میں صنعت، تعلیمی اداروں اور گورنمنٹ کے شعبوں کے درمیان اشتراک کے مواقع پر بھی بات ہوئی کہ متعلقہ دفاتر اپنے وسائل ساجھا کریں تا کہ ملک کے نوجوانوں میں اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کو فروغ مل سکے۔

تمام مندوبین نے اس اجتماع کو کافی سراہا اور اسے انٹر پرینورشپ تعلیم وتربیت اور ترقی کے میدان میں یہ کانفرنس ایک راہ نما ثابت ہوسکتا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی